شہادتِ حق

سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

tazkeer.org

شہادتِ حق

سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ

ISLAMIC RESEARCH ACADEMY KARACHI

ادارہ معارف اسلامی، کراچی

tazkeer.org

tazkeer.org

(جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں)

نام کتابچہ	:	شہادتِ حق
ناشر	:	ادارۂ معارفِ اسلامی
		ڈی۔۳۵' بلاک ۵' ایف بی ایریا
		کراچی۔فون: ۶۳۴۹۸۴۰
مطبع	:	ذکی پرنٹرز۔کراچی
تاریخِ اشاعت	:	نومبر ۲۰۰۱ء
تعدادِ اشاعت	:	۲۱۰۰
قیمت	:	9 روپے

tazkeer.org

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(یہ تقریر ۳۰ دسمبر ۱۹۴۶ء کو جماعت اسلامی لاہور کمشنری کے اجتماع میں بمقام مراد پور متصل سیالکوٹ کی گئی۔)

شہادتِ حق

امت مسلمہ کا فرض اور مقصدِ وجود

حمد و ثناء

ساری تعریف اس خدا کے لئے ہے جو کائنات کا تنہا خالق، مالک اور حاکم ہے۔ جو کمال درجہ کی حکمت، قدرت اور رحمت کے ساتھ اس میں فرماں روائی کر رہا ہے۔ جس نے انسان کو پیدا کیا، اس کو علم و عقل کی قوتیں بخشیں، اسے زمین میں اپنی خلافت سے سرفراز کیا، اور اس کی رہنمائی کے لئے کتابیں اتاریں اور پیغمبر بھیجے۔ پھر خدا کی رحمتیں ہوں اس کے ان نیک اور برگزیدہ بندوں پر جو انسان کو انسانیت سکھانے آئے۔ جنہوں نے آدمی کو اس کے مقصد زندگی سے خبردار کیا اور اسے دنیا میں جینے کا صحیح طریقہ بتایا۔ آج دنیا میں ہدایت کی روشنی، اخلاق کی پاکیزگی اور نیکی و پرہیزگاری جو کچھ بھی پائی جاتی ہے وہ سب خدا کے انہیں برگزیدہ

tazkeer.org

بندوں کی رہنمائی کی بدولت ہے اور انسان کبھی ان کے بارِ احسان سے سبکدوش نہیں ہو سکتا۔

عزیزو اور دوستو، ہم اپنے اجتماعات کو دو حصوں میں تقسیم کیا کرتے ہیں۔ ایک حصہ اس غرض کے لئے ہوتا ہے کہ ہم خود آپس میں بیٹھ کر اپنے کام کا جائزہ لیں۔ اور اسے آگے بڑھانے کے لئے باہم مشورہ کریں۔ دوسرا حصہ اس مقصد کے لئے خاص ہوتا ہے کہ جس مقام پر ہمارا اجتماع ہو وہاں کے عام باشندوں کے لئے ہم اپنی دعوت کو پیش کریں۔ اس وقت کا یہ اجتماع اسی دوسری غرض کے لئے ہے۔ ہم نے آپ کو اس لئے تکلیف دی ہے کہ آپ کو بتائیں کہ ہماری دعوت کیا ہے اور کس چیز کی طرف ہم بلاتے ہیں۔

ہماری دعوت

ہماری دعوت کا خطاب ایک تو ان لوگوں سے ہے جو پہلے سے مسلمان ہیں۔ دوسرے ان عام بندگان خدا سے جو مسلمان نہیں ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کے لئے ہمارے پاس ایک پیغام ہے۔ مگر افسوس ہے کہ یہاں دوسرے گروہ کے لوگ مجھے نظر نہیں آتے۔ یہ ہماری پچھلی غلطیوں اور آج کی بے تدبیریوں کا نتیجہ ہے کہ خدا کے بندوں کا ایک بہت بڑا حصہ ہم سے دور ہو گیا ہے اور مشکل ہی سے کبھی ہم یہ موقع پاتے ہیں کہ ان کو اپنے پاس بلا کر یا خود ان کے قریب جا کر وہ پیغام ان کو سنائیں جو ان کے اور ہمارے خدا نے ہم سب کی رہنمائی کے لئے اپنے پیغمبروں کے ذریعہ سے بھیجا ہے۔ بہر حال اب کہ وہ موجود نہیں ہیں، میں دعوت کے صرف اس حصہ کو پیش کروں گا جو مسلمانوں کے لئے خاص ہے۔

مسلمانوں کو ہم جس چیز کی طرف بلاتے ہیں وہ یہ ہے کہ وہ ان ذمہ داریوں کو سمجھیں

tazkeer.org

اور ادا کریں جو مسلمان ہونے کی حیثیت سے ان پر عائد ہوتی ہیں۔ آپ صرف اتنا کہہ کر نہیں چھوٹ سکتے کہ ہم مسلمان ہیں اور ہم نے خدا کو اور اس کے دین کو مان لیا۔ بلکہ جب آپ نے خدا کو اپنا خدا اور اس کے دین کو اپنا دین مانا ہے تو اس کے ساتھ آپ پر کچھ ذمہ داریاں بھی عائد ہوتی ہیں جن کا آپ کو شعور ہونا چاہئے۔ جن کے ادا کرنے کی آپ کو فکر ہونی چاہئے۔ اگر آپ انہیں ادا نہیں کریں گے تو اس کے وبال سے نہ دنیا میں چھوٹ سکیں گے نہ آخرت میں۔

مسلمانوں کی ذمہ داریاں

وہ ذمہ داریاں کیا ہیں؟ وہ صرف یہی نہیں ہیں کہ آپ خدا پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر اور یوم آخرت پر ایمان لائیں۔ وہ صرف اتنی بھی نہیں ہیں کہ آپ نماز پڑھیں، روزہ رکھیں، حج کریں اور زکوٰۃ دیں۔ وہ صرف اتنی بھی نہیں ہیں کہ آپ نکاح، طلاق، وراثت وغیرہ معاملات میں اسلام کے مقرر کیے ہوئے ضابطے پر عمل کریں۔ بلکہ ان سب کے علاوہ ایک بڑی اور بہت بھاری ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے کہ آپ تمام دنیا کے سامنے اس حق کے گواہ بن کر کھڑے ہوں جس پر آپ ایمان لائے ہیں۔ ''مسلمان'' کے نام سے آپ کو ایک مستقل امت بنانے کی واحد غرض جو قرآن میں بیان کی گئی ہے وہ یہی ہے کہ آپ تمام بندگانِ خدا پر شہادت حق کی حجت پوری کر دیں۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا. (البقرہ: ۱۴۳)

tazkeer.org

ترجمہ: اور اسی طرح تو ہم نے تمہیں ایک ''امت وسط'' بنایا ہے۔
تاکہ تم دنیا کے لوگوں پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ ہو۔

امت مسلمہ کا مقصد وجود

یہ آپ کی امت کا عین مقصد وجود ہے جسے آپ نے پورا نہ کیا تو گویا اپنی زندگی ہی اکارت گنوادی۔ یہ آپ پر خدا کا عائد کیا ہوا فرض ہے کیونکہ خدا کا حکم یہ ہے کہ

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْ كُوْنُوْ قَوَّامِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ

ترجمہ: ذلت وخواری اور پستی و بدحالی ان پر مسلط ہوگئی اور وہ اللہ کے
عذاب میں گھر گئے۔

''اے لوگو جو ایمان لائے ہو خدا کی خاطر اٹھنے والے اور ٹھیک راستی کی گواہی دینے والے بنو۔'' اور یہ نرا حکم ہی نہیں بلکہ تاکیدی حکم ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ۔ ''اس شخص سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوگا جس کے پاس اللہ کی طرف سے ایک گواہی ہو اور وہ اسے چھپائے۔'' پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ بھی بتادیا ہے کہ اس فرض کو انجام نہ دینے کا نتیجہ کیا ہے۔ آپ سے پہلے اس گواہی کے کٹہرے میں یہودی کھڑے کئے گئے تھے مگر انہوں نے کچھ تو حق کو چھپایا اور کچھ حق کے خلاف گواہی دی اور فی الجملہ حق کے نہیں بلکہ باطل کے گواہ بن کر رہ گئے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اللہ نے انہیں دھتکار دیا اور ان پر وہ پھٹکار پڑی کہ: ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاؤُ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ۔ (البقرہ:۶۱)

tazkeer.org

شہادتِ حق

یہ شہادت جس کی ذمہ داری آپ پر ڈالی گئی ہے' اس سے مراد یہ ہے کہ جو حق آپ کے پاس آیا ہے' جو صداقت آپ پر منکشف کی گئی ہے' آپ دنیا کے سامنے اس کے حق اور صداقت ہونے اور اس کے راہ راست ہونے پر گواہی دیں- ایسی گواہی جو اس کے حق اور راستی ہونے کو مبرہن کر دے اور دنیا کے لوگوں پر دین کی حجت پوری کر دے- اسی شہادت کے لئے انبیاء علیہم السلام دنیا میں بھیجے گئے تھے اور اس کا ادا کرنا ان پر فرض تھا- پھر یہی شہادت تمام انبیاء کے بعد ان کی امتوں پر فرض ہوتی رہی- اور اب خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یہ فرض امت مسلمہ پر بحیثیت مجموعی اسی طرح عائد ہوتا ہے جس طرح حضورؐ پر آپ کی زندگی میں شخصی حیثیت سے عائد تھا-

شہادت کی اہمیت

اس گواہی کی اہمیت کا اندازہ اس سے کیجئے کہ نوع انسانی کے لئے اللہ تعالیٰ نے باز پرس اور جزا و سزا کا جو قانون مقرر کیا ہے اس کی ساری بنیاد ہی اس گواہی پر ہے- اللہ تعالیٰ حکیم و رحیم اور قائم بالقسط ہے- اس کی حکمت و رحمت اور اس کے انصاف سے یہ بعید ہے کہ لوگوں کو اس کی مرضی نہ معلوم ہو اور وہ انہیں اس بات پر پکڑے کہ وہ اس کی مرضی کے خلاف چلے-- لوگ نہ جانتے ہوں کہ راہ راست کیا ہے اور وہ ان کی کج روی پر ان سے مواخذہ کرے- لوگ اس سے بے خبر ہوں کہ ان سے کس چیز کی باز پرس ہونی چاہئے اور وہ انجانی

tazkeer.org

چیز کی ان سے باز پرس کرے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے آفرینش کی ابتدا ہی ایک پیغمبر سے کی اور پھر وقتاً فوقتاً بے شمار پیغمبر بھیجے تاکہ وہ نوع انسانی کو خبردار کریں کہ تمہارے معاملہ میں تمہارے خالق کی مرضی یہ ہے، تمہارے لئے دنیا میں زندگی بسر کرنے کا صحیح طریقہ یہ ہے، یہ رویہ ہے جس سے تم اپنے مالک کی رضا کو پہنچ سکتے ہو، یہ کام ہیں جو تم کو کرنے چاہئیں، یہ کام ہیں جن سے تم کو بچنا چاہیے اور یہ امور ہیں جن کی تم سے باز پرس کی جائے گی۔

امت پر اتمام حجت

یہ شہادت جو اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں سے دلوائی اس کی غرض قرآن مجید میں صاف صاف یہی بتائی گئی ہے کہ لوگوں کو اللہ پر یہ حجت قائم کرنے کا موقع باقی نہ رہے کہ ہم بے خبر تھے اور آپ ہمیں اس چیز پر پکڑتے ہیں جس سے ہم کو خبردار نہ کیا گیا تھا۔

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا:

ترجمہ: ''سارے رسول خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجے گئے تھے تاکہ ان کو مبعوث کر دینے کے بعد لوگوں کے پاس اللہ کے مقابلہ میں کوئی حجت نہ رہے۔'' (النساء: ۱۶۵)

اس طرح اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی حجت اپنے اوپر سے اتار کر پیغمبر پر ڈال دی اور پیغمبر اس اہم ذمہ داری کے منصب پر کھڑے کر دیئے گئے کہ اگر وہ شہادتِ حق کا حق ٹھیک ادا کر دیں تو لوگ اپنے اعمال پر خود باز پرس کے مستحق ہوں، اور اگر ان کی

tazkeer.org

طرف سے ادائے شہادت میں کوتاہی ہوتو لوگوں کی گمراہی و کجروی کا مواخذہ پیغمبروں سے کیا جائے - دوسرے الفاظ میں پیغمبروں کے منصب کی نزاکت یہ تھی کہ یا تو وہ حق کی شہادت ٹھیک ٹھیک ادا کر کے لوگوں پر حجت قائم کریں' ورنہ لوگوں کی حجت الٹی ان پر قائم ہوئی جاتی تھی کہ خدا نے حقیقت کا جو علم آپ حضرات کو دیا تھا وہ آپ نے ہمیں نہ پہنچایا اور جو صحیح طریق زندگی اس نے آپ کو بتایا تھا وہ آپ نے ہمیں نہ بتایا - یہی وجہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنے اوپر اس ذمہ داری کے بار کو شدت کے ساتھ محسوس کرتے تھے اور اسی بنا پر انہوں نے اپنی طرف سے حق کی شہادت ادا کرنے اور لوگوں پر حجت تمام کر دینے کی جان توڑ کوششیں کیں -

کوتاهی پر مواخذه

پھر انبیاء کے ذریعہ سے جن لوگوں نے حق کا علم اور ہدایت کا راستہ پایا وہ ایک امت بنائے گئے اور وہی منصب شہادت کی ذمہ داری' جس کا بار انبیاء پر ڈالا گیا تھا اب اس امت کے حصہ میں آئی - انبیاء کی قائم مقام ہونے کی حیثیت سے اس کا یہ مقام قرار پایا کہ اگر یہ امت شہادت کا حق ادا کر دے اور لوگ درست نہ ہوں تو یہ اجر پائے گی اور لوگ پکڑے جائیں گے' اور یہ حق کی شہادت دینے میں کوتاہی کرے' یا حق کے بجائے الٹی باطل کی شہادت دینے لگے تو لوگوں سے پہلے یہ پکڑی جائے گی - اس سے خود اس کے اعمال کی باز پرس بھی ہوگی اور ان لوگوں کے اعمال کی بھی جو اس کے صحیح شہادت نہ دینے یا غلط شہادت دینے کی وجہ سے گمراہ اور مفسد اور غلط کار رہے -

tazkeer.org

طریقہ شہادت

حضرات یہ ہے شہادت حق کی وہ نازک ذمہ داری جو مجھ پر' آپ پر اور ان سب لوگوں پر عائد ہوتی ہے جو اپنے کو امت مسلمہ کہتے ہیں اور جن کے پاس خدا کی کتاب اور ان کے انبیاء کی ہدایت پہنچ چکی ہے۔ اب دیکھئے کہ اس شہادت کے ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے۔

شہادتیں دو طرح کی ہوتی ہیں۔ ایک قولی شہادت' دوسرے عملی شہادت۔

قولی شہادت

قولی شہادت کی صورت یہ ہے کہ ہم زبان اور قلم سے دنیا پر اس حق کو واضح کریں جو انبیاء کے ذریعہ ہمیں پہنچا ہے سمجھانے اور دلنشین کرنے کے جتنے طریقے ممکن ہیں ان سب کو استعمال کر کے' علوم و فنون نے جس قدر مواد فراہم کیا ہے وہ سب اپنے ہاتھ میں لے کر ہم دنیا کو اس دین کی تعلیم سے روشناس کریں جو خدا نے انسان کے لئے مقرر کیا ہے۔ فکر و اعتقاد میں' اخلاق و سیرت میں' تمدن و معاشرت میں' کسب معاش اور لین دین میں' قانون اور نظم عدالت میں' سیاست اور تدبیر مملکت میں اور بین الانسانی معاملات کے تمام دوسرے پہلوؤں میں' اس دین نے انسان کی رہنمائی کے لئے جو کچھ پیش کیا ہے اسے ہم خوب کھول کھول کر بیان کریں۔ دلائل اور شواہد سے اس کا حق ہونا ثابت کر دیں اور جو کچھ اس کے خلاف ہے اس پر معقول تنقید کر کے بتائیں کہ اس میں کیا خرابی ہے۔ اس قولی شہادت کا حق ادا نہیں ہو سکتا جب تک کہ امت مجموعی طور پر

tazkeer.org

ہدایت خلق کے لئے اُسی طرح فکرمند نہ ہو جس طرح انبیاء علیہم السلام انفرادی طور پر اس کے لئے فکرمند رہا کرتے تھے۔ یہ حق ادا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ یہ کام ہماری تمام اجتماعی کوششوں اور قومی سعی و جہد کا مرکزی نقطہ ہو، ہم اپنے دل و دماغ کی ساری قوتیں اور اپنے سارے وسائل و ذرائع اس پر لگا دیں، ہمارے تمام کاموں میں یہ مقصد لازماً ملحوظ رہے، اور اپنے درمیان سے کسی ایسی آواز کے اٹھنے کو تو کسی حال میں ہم برداشت ہی نہ کریں جو حق کے خلاف شہادت دینے والی ہو۔

عملی شہادت

رہی عملی شہادت تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنی زندگی میں اُن اصولوں کا عملاً مظاہرہ کریں جن کو ہم حق کہتے ہیں۔ دنیا صرف ہماری زبان ہی سے ان کی صداقت کا ذکر نہ سنے بلکہ خود اپنی آنکھوں سے ہماری زندگی میں ان کی خوبیوں اور برکتوں کا مشاہدہ کر لے۔ وہ ہمارے برتاؤ میں اُس شیرینی کا ذائقہ چکھ لے جو ایمان کی حلاوت سے انسان کے اخلاق و معاملات میں پیدا ہوتی ہے۔ وہ خود دیکھ لے کہ اس دین کی رہنمائی میں کیسے اچھے انسان بنتے ہیں۔ کیسی عادل سوسائٹی تیار ہوتی ہے۔ کیسی صالح معاشرت وجود میں آتی ہے۔ کس قدر ستھرا اور پاکیزہ تمدن پیدا ہوتا ہے کیسے صحیح خطوط پر علوم و آداب اور فنون کا نشوونما ہوتا ہے۔ کیسا منصفانہ، ہمدردانہ اور بے نزاع معاشی تعاون رونما ہوتا ہے۔ انفرادی و اجتماعی زندگی کا ہر پہلو کس طرح سدھر جاتا ہے، سنور جاتا ہے اور بھلائیوں سے مالا مال ہو جاتا ہے۔ اس شہادت کا حق صرف اس طرح ادا ہو سکتا ہے کہ ہم فرداً فرداً بھی اور قومی حیثیت سے بھی اپنے دین کی حقانیت پر مجسم شہادت بن جائیں۔ ہمارے افراد کا کردار اس کی صداقت کا ثبوت

tazkeer.org

دے۔ ہمارے گھر اس کی خوشبو سے مہکیں۔ ہماری دکانیں اور ہمارے کارخانے اس کی روشنی سے جگمگائیں۔ ہمارے ادارے اور ہمارے مدرسے اس کے نور سے منور ہوں۔ ہمارا لٹریچر اور ہماری صحافت اس کی خوبیوں کی سند پیش کرے۔ ہماری قومی پالیسی اور اجتماعی سعی و جہد اس کے برحق ہونے کی روشن دلیل ہو۔ غرض ہم سے جہاں اور جس حیثیت میں بھی کسی شخص یا قوم کو سابقہ پیش آئے وہ ہمارے شخصی اور قومی کردار میں اس بات کا ثبوت پالے کہ جن اصولوں کو ہم حق کہتے ہیں وہ واقعی حق ہیں اور ان سے فی الواقع انسانی زندگی اصلح اور اعلیٰ و ارفع ہو جاتی ہے۔

تکمیل شہادت

پھر یہ بھی عرض کردوں کہ اس شہادت کی تکمیل اگر ہو سکتی ہے تو صرف اس وقت جب کہ ایک اسٹیٹ انہی اصولوں پر قائم ہو جائے اور وہ پورے دین کو عمل میں لا کر اپنے عدل و انصاف سے' اپنے اصلاحی پروگرام سے' اپنے حسن انتظام سے' اپنے امن سے' اپنے باشندوں کی فلاح و بہبود سے' اپنے حکمرانوں کی نیک سیرت سے' اپنی صالح داخلی سیاست سے' اپنی راستبازانہ خارجی پالیسی سے' اپنی شریفانہ جنگ سے اور اپنی وفادارانہ صلح سے ساری دنیا کے سامنے اس بات کی شہادت دے کہ جس دین نے اس اسٹیٹ کو جنم دیا ہے وہ درحقیقت انسانی فلاح کا ضامن ہے' اور اسی کی پیروی میں نوع انسانی کی بھلائی ہے۔ یہ شہادت جب قولی شہادت کے ساتھ مل جائے تب وہ ذمہ داری پوری طرح ادا ہو جاتی ہے جو امت مسلمہ پر ڈالی گئی ہے۔ تب نوع انسانی پر بالکل اتمام حجت ہو جاتا ہے۔ تب ہی ہماری امت اس قابل ہو سکتی ہے کہ آخرت کی عدالت میں نبی ﷺ کے بعد کھڑی ہو کر شہادت

tazkeer.org

دے سکے کہ جو کچھ حضور ﷺ نے ہم کو پہنچایا تھا وہ ہم نے لوگوں تک پہنچا دیا اور اس پر بھی جو لوگ راہ راست پر نہ آئے وہ اپنی کج روی کے خود ذمہ دار ہیں۔

حضرات' یہ تو وہ شہادت ہے جو مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمیں قول و عمل میں دینی چاہئے تھی۔ مگر اب دیکھئے کہ آج ہم فی الواقع شہادت دے کیا رہے ہیں۔

ہماری قولی شہادت کا جائزہ

پہلے قولی شہادت کا جائزہ لیجئے ہمارے اندر ایک بہت ہی قلیل گروہ ایسا ہے جو کہیں انفرادی طور پر زبان و قلم سے اسلام کی شہادت دیتا ہے' اور اس میں بھی ایسے لوگ شاید انگلیوں پر گنے جاسکتے ہیں جو اس شہادت کو اُس طرح ادا کر رہے ہیں جیسا اس کے ادا کرنے کا حق ہے۔ اس شرذِمہ قلیل گروہ کو اگر آپ الگ کر لیں تو آپ دیکھیں گے کہ مسلمانوں کی عام شہادت اسلام کے حق میں نہیں بلکہ اس کے خلاف جاری ہے۔ ہمارے زمیندار شہادت دے رہے ہیں کہ اسلام کا قانونِ وراثت غلط ہے اور جاہلیت کے رواج صحیح ہیں۔ ہمارے وکیل اور جج اور مجسٹریٹ شہادت دے رہے ہیں کہ اسلام کے سارے ہی قوانین غلط ہیں۔ بلکہ اسلامی قانون کا بنیادی نظریہ ہی قابل قبول نہیں ہے۔ صحیح صرف وہ قوانین ہیں جو انسانوں نے وضع کیے ہیں اور انگریزوں کی معرفت ہمیں پہنچے ہیں۔ ہمارے معلم اور پروفیسر اور تعلیمی ادارے شہادت دے رہے ہیں کہ فلسفہ و حکمت' تاریخ و اجتماعیات' معاشیات و سیاسیات' اور قانون و اخلاق کے متعلق وہی نظریات برحق ہیں جو مغرب کی ملحدانہ تعلیم سے ماخوذ ہیں۔ ان امور میں اسلام کا نقطہ نظر قابل التفات تک نہیں ہے۔ ہمارے ادیب شہادت دے رہے ہیں کہ ان کے پاس بھی ادب کا وہی پیغام ہے جو امریکا'

tazkeer.org

انگلستان، فرانس اور روس کے دہری ادیبوں کے پاس ہے۔ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ان کے ادب کی سرے سے کوئی مستقل روح ہی نہیں ہے۔ ہمارا پریس شہادت دے رہا ہے کہ اس کے پاس بھی وہی مباحث اور مسائل اور پروپیگنڈا کے وہی انداز ہیں جو غیر مسلموں کے پاس ہیں۔ ہمارے تاجر اور اہل صنعت شہادت دے رہے ہیں کہ اسلام نے لین دین پر جو حدود قائم کیے ہیں وہ ناقابل عمل ہیں اور کاروبار صرف انہی طریقوں پر ہو سکتا ہے جن پر کفار عامل ہیں۔ ہمارے لیڈر شہادت دے رہے ہیں کہ ان کے پاس بھی قومیت اور وطنیت کے وہی نعرے ہیں، وہی قومی مقاصد ہیں، قومی مسائل کو حل کرنے کے وہی ڈھنگ ہیں، سیاست اور دستور کے وہی اصول ہیں جو کفار کے پاس ہیں۔ اسلام نے اس بارے میں کوئی رہنمائی نہیں کی ہے جس کی طرف رجوع کیا جائے۔ ہمارے عوام شہادت دے رہے ہیں کہ ان کے پاس زبان کا کوئی مصرف دنیا اور اُس کے معاملات کے سوا نہیں ہے اور وہ کوئی ایسا دین رکھتے ہی نہیں جس کا وہ چرچا کریں یا جس کی باتوں میں وہ اپنا کچھ وقت صرف کریں۔ یہ ہے وہ قولی شہادت جو مجموعی طور پر ہماری پوری امت اس ملک ہی میں نہیں، ساری دنیا میں دے رہی ہے۔

ہماری عملی شہادت کا جائزہ

اب عملی شہادت کی طرف آیئے۔ اس کا حال قولی شہادت سے بدتر ہے۔ بلاشبہ کہیں کہیں کچھ صالح افراد ہمارے اندر ایسے پائے جاتے ہیں جو اپنی زندگی میں اسلام کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ مگر سواد اعظم کا حال کیا ہے؟ انفرادی طور پر عام مسلمان اپنے عمل میں اسلام کی جو نمائندگی کر رہے ہیں وہ یہ ہے کہ اسلام کے زیر اثر پرورش پانے والے افراد کسی

tazkeer.org

حیثیت سے بھی کفر کے تیار کیے ہوئے افراد سے بلند یا مختلف نہیں ہیں- بلکہ بہت سی حیثیتوں سے ان کی بہ نسبت فروتر ہیں- وہ جھوٹ بول سکتے ہیں' وہ خیانت کر سکتے ہیں' وہ ظلم کر سکتے ہیں' وہ دھوکا دے سکتے ہیں' وہ قول وقرار سے پھر سکتے ہیں' وہ چوری اور ڈاکہ زنی کر سکتے ہیں' وہ دنگا فساد کر سکتے ہیں' وہ بے غیرتی اور بے حیائی کے سارے کام کر سکتے ہیں' ان سب بداخلاقیوں میں ان کا اوسط کسی کافر قوم سے کم نہیں ہے-

پھر ہماری معاشرت' ہمارا رہن سہن' ہمارے رسم ورواج' ہماری تقریبات' ہمارے میلے اور عرس' ہمارے جلسے اور جلوس' غرض ہماری اجتماعی زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں ہے جس میں ہم اسلام کی کسی حد تک بھی صحیح نمائندگی کرتے ہوں- یہ چیز گویا (اس بات کی زندہ شہادت ہے کہ اسلام کے پیرو خود ہی اپنے لئے اسلام کے بجائے جاہلیت کو زیادہ قابل ترجیح سمجھتے ہیں-)

ہم مدرسے بناتے ہیں تو علم اور نظام تعلیم اور روح تعلیم سب کچھ کفار سے لیتے ہیں- ہم انجمنیں قائم کرتے ہیں تو مقصد' نظام اور طریق کار سب کچھ وہی رکھتے ہیں جو کفار کی کسی انجمن کا ہو سکتا ہے- ہماری پوری قوم بحیثیت مجموعی کوئی جدوجہد کرنے اٹھتی ہے تو اس کا مطالبہ' اس کی جدوجہد کا طریقہ' اس کی جمعیت کا دستور ونظام' اس کی تجویزیں' تقریریں اور بیانات' سب کچھ ہو بہو کافر قوموں کی جدوجہد کا چربہ ہوتا ہے- حد یہ ہے کہ جہاں ہماری آزاد یا نیم آزاد حکومتیں موجود ہیں وہاں بھی ہم نے اساسِ حکومت' نظام حکومت اور مجموعہ قوانین کفار سے لے لیا ہے- اسلام کا قانون بعض حکومتوں میں صرف پرسنل لاء کی حد تک رہ گیا ہے اور بعض نے اس کو بھی ترمیم کیے بغیر نہیں چھوڑا- حال میں ایک انگریز مصنف (Lawrence Brown) نے اپنی کتاب (The Prospects of Islam) میں طعنہ دیا ہے کہ:

tazkeer.org

''ہم نے جب ہندوستان میں اسلام کے دیوانی اور فوجداری قوانین کو دقیانوسی اور ناقابل عمل سمجھ کر منسوخ کیا تھا اور مسلمانوں کے لئے صرف ان کے پرسنل لاء کو رہنے دیا تھا تو مسلمانوں کو یہ سخت ناگوار ہوا تھا' کیونکہ اس طرح ان کی پوزیشن وہی ہوئی جاتی تھی جو کبھی اسلام کی حکومت میں ذمیوں کی تھی۔ لیکن اب صرف یہی نہیں کہ ہندوستان کے مسلمانوں نے اسے پسند کر لیا ہے' بلکہ خود مسلمان حکومتوں نے بھی اس معاملہ میں ہماری تقلید کی ہے۔ ترکی اور البانیا نے تو اس سے تجاوز کر کے قوانین نکاح و طلاق و وراثت تک میں بھی ہمارے معیارات کے مطابق ''اصلاحات'' کر دی ہیں۔ اب یہ بات کھل گئی ہے کہ مسلمانوں کا یہ تصور کہ قانون کا ماخذ ارادۂ الٰہی ہے ایک مقدس افسانے (Pious Fiction) سے زیادہ کچھ نہ تھا!''

یہ ہے وہ عملی شہادت جو تمام دنیا کے مسلمان تقریباً متفق ہو کر اسلام کے خلاف دے رہے ہیں۔ ہم زبان سے خواہ کچھ کہیں مگر ہمارا اجتماعی عمل گواہی دے رہا ہے کہ اس دین کا کوئی طریقہ ہمیں پسند نہیں اور اس کے کسی قانون میں ہم اپنی فلاح و نجات نہیں پاتے۔

کتمان کی سزا

یہ کتمانِ حق اور یہ شہادت زور جس کا ارتکاب ہم کر رہے ہیں' اس کا انجام بھی ہمیں وہی کچھ دیکھنا پڑا ہے جو ایسے سخت جرم کے لئے قانون الٰہی میں مقرر ہے۔ جب کوئی قوم خدا کی نعمت کو ٹھکراتی ہے اور اپنے خالق سے غداری کرتی ہے تو خدا دنیا میں بھی اس کو عذاب دیتا ہے اور آخرت میں بھی۔ یہودیوں کے معاملہ میں خدا کی یہ سنت پوری ہو چکی ہے اور اب ہم مجرموں کے کٹہرے میں کھڑے ہیں۔ خدا کو یہود سے کوئی ذاتی پرخاش نہ تھی کہ وہ صرف

tazkeer.org

انہی کو اس جرم کی سزا دیتا' اور ہمارے ساتھ اس کی کوئی رشتہ داری نہیں کہ ہم اسی جرم کا ارتکاب کریں اور سزا سے بچ جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم حق کی شہادت دینے میں جتنی جتنی کوتاہی کرتے گئے ہیں اور باطل کی شہادت ادا کرنے میں ہمارا قدم جس رفتار سے آگے بڑھا ہے' ٹھیک اسی رفتار سے ہم گرتے چلے گئے ہیں۔ پچھلی ایک ہی صدی کے اندر مراکش سے لے کر شرق الہند تک ملک کے ملک ہمارے ہاتھ سے نکل گئے۔ مسلمان قومیں ایک ایک کر کے مغلوب اور محکوم ہوتی چلی گئیں۔ مسلمان کا نام فخر و عزت کا نام نہ رہا بلکہ ذلت و مسکنت اور پسماندگی کا نشان بن گیا۔ دنیا میں ہماری کوئی آبرو باقی نہ رہی۔ کہیں ہمارا قتل عام ہوا' کہیں ہم گھر سے بے گھر کئے گئے کہیں ہم کو سوالعذاب کا مزہ چکھایا گیا اور کہیں ہم کو چاکری اور خدمت گاری کے لئے زندہ رکھا گیا۔ جہاں مسلمانوں کی اپنی حکومتیں باقی رہ گئیں وہاں بھی انہوں نے شکستوں پر شکستیں کھائیں اور آج ان کا حال یہ ہے کہ بیرونی طاقتوں کے خوف سے لرز رہے ہیں۔ حالانکہ اگر وہ اسلام کی قولی و عملی شہادت دینے والے ہوتے تو کفر کے علمبرداران کے خوف سے کانپ رہے ہوتے۔

دور کیوں جایئے۔ خود ہندوستان میں اپنی حالت دیکھ لیجئے۔ (واضح رہے کہ یہ تقریر تقسیم ہند سے قبل کی گئی تھی) ادائے شہادت میں جو کوتاہی آپ نے کی بلکہ الٹی خلاف حق شہادت جو آپ اپنے قول و عمل سے دیتے رہے اسی کا تو نتیجہ یہ ہوا کہ ملک کا ملک آپ کے ہاتھ سے نکل گیا۔ پہلے مرہٹوں اور سکھوں کے ہاتھوں آپ پامال ہوئے۔ پھر انگریز کی غلامی آپ کو نصیب ہوئی اور اب پچھلی پامالیوں سے بڑھ کر پامالیاں آپ کے سامنے آرہی ہیں۔ آج آپ کے سامنے سب سے بڑا سوال اکثریت و اقلیت کا ہے اور آپ اس اندیشے سے کانپ رہے ہیں کہ کہیں ہندو اکثریت آپ کو اپنا محکوم نہ بنالے اور آپ وہ انجام نہ دیکھیں جو شودر قومیں دیکھ چکی ہیں۔ مگر خدارا مجھے بتایئے کہ اگر آپ اسلام کے سچے گواہ

tazkeer.org

ہوتے تو یہاں کوئی اکثریت ایسی ہو سکتی تھی جس سے آپ کو کوئی خطرہ ہوتا؟ یا آج بھی اگر آپ قول اور عمل سے اسلام کی گواہی دینے والے بن جائیں تو کیا یہ اقلیت و اکثریت کا سوال چند سال کے اندر ہی ختم نہ ہو جائے؟ عرب میں ایک فی لاکھ کی اقلیت کو نہایت متعصب اور ظالم اکثریت نے دنیا سے نیست و نابود کر دینے کی ٹھانی تھی۔ مگر اسلام کی سچی گواہی نے دس سال کے اندر اسی اقلیت کو سو فیصدی اکثریت میں تبدیل کر دیا۔ پھر جب یہ اسلام کے گواہ عرب سے باہر نکلے تو پچیس سال کے اندر ترکستان سے لے کر مراکش تک قومیں کی قومیں ان کی شہادت پر ایمان لاتی چلی گئیں۔ جہاں سو فیصدی مجوسی' بت پرست اور عیسائی رہتے تھے وہاں سو فیصدی مسلمان بسنے لگے۔ کوئی ہٹ دھرمی' کوئی قومی عصبیت اور کوئی مذہبی تنگ نظری اتنی سخت ثابت نہ ہوئی کہ حق کی زندہ اور سچی شہادت کے آگے قدم جما سکتی۔ اب آپ اگر پامال ہو رہے ہیں اور اپنے آپ کو اس سے شدید پامالی کے خطرے میں مبتلا پاتے ہیں تو یہ کتمان حق اور شہادت زور کی سزا کے سوا اور کیا ہے۔

آخرت کی پکڑ

یہ تو اس جرم کی وہ سزا ہے جو آپ کو دنیا میں مل رہی ہے۔ آخرت میں اس سے سخت تر سزا کا اندیشہ ہے جب تک آپ حق کے گواہ ہونے کی حیثیت سے اپنا فرض انجام نہیں دیتے اس وقت تک دنیا میں جو گمراہی بھی پھیلے گی' جو ظلم و فساد اور طغیان بھی برپا ہوگا' جو بداخلاقیاں اور بدکرداریاں بھی رواج پائیں گی' ان کی ذمہ داری سے آپ بری نہیں ہو سکتے۔ آپ اگر ان برائیوں کے پیدا کرنے کے ذمہ دار نہیں ہیں تو ان کی پیدائش کے اسباب باقی رکھنے اور

tazkeer.org

انہیں پھیلنے کی اجازت دینے کے ذمہ دار ضرور ہیں۔

مسلمانوں کے مسائل و حقوق اور اس کا حل

حضرات، یہ جو کچھ میں نے عرض کیا ہے اس سے آپ کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہمیں کرنا کیا چاہئے تھا اور ہم کر کیا رہے ہیں۔ اور یہ جو کچھ ہم کر رہے ہیں اس کا خمیازہ کیا بھگت رہے ہیں۔ اس پہلو سے اگر آپ حقیقتِ معاملہ پر نگاہ ڈالیں گے تو یہ بات خود ہی آپ پر کھل جائے گی کہ مسلمانوں نے اس ملک میں اور دنیا کے دوسرے ملکوں میں جن مسائل کو اپنی قومی زندگی کے اصل مسائل سمجھ رکھا ہے اور جنہیں حل کرنے کے لئے وہ کچھ اپنے ذہن سے گھڑی ہوئی اور زیادہ تر دوسروں سے سیکھی ہوئی تدبیروں پر اپنا ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے ہیں، فی الواقع ان میں سے کوئی بھی اُن کا اصل مسئلہ نہیں ہے اور اس کے حل کی تدبیریں وقت، قوت اور مال کا یہ سارا صرفہ محض ایک زیاں کاری ہے۔ یہ سوالات کہ کوئی اقلیت ایک غالب اکثریت کے درمیان رہتے ہوئے اپنے وجود اور مفاد اور حقوق کو کیسے محفوظ رکھے، اور کوئی اکثریت اپنے حدود میں وہ اقتدار کیسے حاصل کرے جو اکثریت میں ہونے کی بنا پر اسے ملنا چاہئے اور ایک محکوم قوم کسی غالب قوم کے تسلط سے کس طرح آزاد ہو اور ایک کمزور قوم کسی طاقتور قوم کی دست برد سے اپنے آپ کو کس طرح بچائے، اور ایک پسماندہ قوم وہ ترقی وہ خوش حالی اور طاقت کیسے حاصل کرے جو دنیا کی زور آور قوموں کو حاصل ہے، یہ اور ایسے ہی دوسرے مسائل غیر مسلموں کے لئے تو ضرور اہم ترین اور مقدم ترین مسائل ہو سکتے ہیں اور ان کی تمام توجہات اور کوششوں کے مرکز و محور بھی قرار پا سکتے ہیں، مگر ہم مسلمانوں کے لئے یہ بجائے خود مستقل مسائل نہیں ہیں بلکہ محض اس غفلت کے شاخسانے ہیں جو ہم اپنے اصل کام سے برتتے رہے ہیں اور آج تک برتتے

tazkeer.org

جارہے ہیں۔ اگر ہم نے وہ کام کیا ہوتا تو آج اتنے بہت سے پیچیدہ اور پریشان کن مسائل کا یہ جنگل ہمارے لئے پیدا ہی نہ ہوتا اور اگر اب بھی اس جنگل کو کاٹنے میں اپنی قوتیں صرف کرنے کے بجائے ہم اُس کام پر اپنی ساری توجہ اور سعی مبذول کردیں تو دیکھتے دیکھتے نہ صرف ہمارے لئے بلکہ ساری دنیا کے لئے پریشان کن مسائل کا یہ جنگل خود بخود صاف ہوجائے۔ کیونکہ دنیا کی صفائی و اصلاح کے ذمہ دار سب سے زیادہ پرخار حصہ ہمارے نصیب میں لکھا گیا ہے۔

افسوس ہے کہ مسلمانوں کے مذہبی پیشوا اور سیاسی رہنما اس معاملہ کو سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور ہر جگہ ان کو یہی باور کرائے جارہے ہیں کہ تمہارے اصل مسائل وہی اقلیت و اکثریت اور آزادیٔ وطن اور تحفظِ قوم اور مادی ترقی کے مسائل ہیں۔ نیز یہ حضرات ان مسائل کے حل کی تدبیریں بھی مسلمانوں کو وہی کچھ بار ہے جو انہوں نے غیر مسلموں سے سیکھی ہیں۔ لیکن میں جتنا خدا کی ہستی پر یقین رکھتا ہوں اتنا ہی مجھے اس بات پر بھی یقین ہے کہ یہ آپ کی بالکل غلط رہنمائی کی جارہی ہے اور ان راہوں پر چل کر آپ کبھی اپنی فلاح کی منزل کو نہ پہنچ سکیں گے۔

اصل مسئلہ

میں آپ کا سخت بدخواہ ہوں گا اگر لاگ لپیٹ کے بغیر آپ کو صاف صاف نہ بتادوں کہ آپ کی زندگی کا اصل مسئلہ کیا ہے۔ میرے علم میں آپ کا حال اور آپ کا مستقبل معلق ہے اس سوال پر کہ آپ اُس ہدایت کے ساتھ کیا معاملہ کرتے ہیں جو آپ کو خدا کے رسول کی معرفت پہنچی ہے، جس کی نسبت سے آپ کو مسلمان کہا جاتا ہے، اور جس کے تعلق سے

tazkeer.org

آپ...... خواہ چاہیں یا نہ چاہیں...... بہرحال دنیا میں اسلام کے نمائندے قرار پاتے ہیں۔

اگر آپ اس کی صحیح پیروی کریں اور اپنے قول اور عمل سے اُس کی سچی شہادت دیں اور آپ کے اجتماعی کردار میں پورے اسلام کا ٹھیک ٹھیک مظاہرہ ہونے لگے تو آپ دنیا میں سربلند اور آخرت میں سرخ رو ہو کر رہیں گے خوف اور حزن' ذلت اور مسکنت' مغلوبی اور محکومی کے یہ سیاہ بادل جو آپ پر چھائے ہوئے ہیں چند سال کے اندر چھٹ جائیں گے۔ آپ کی دعوت حق اور سیرتِ صالحہ دلوں کو اور دماغوں کو مسخر کرتی چلی جائے گی۔ آپ کی ساکھ اور دھاک دنیا پر بیٹھتی چلی جائے گی۔ انصاف کی امیدیں آپ سے وابستہ کی جائیں گی۔ بھروسہ آپ کی امانت و دیانت پر کیا جائے گا۔ آئمہ کفر کی کوئی ساکھ آپ کے مقابلہ میں باقی نہ رہ جائے گی۔ ان کے تمام فلسفے اور سیاسی و معاشی نظریئے آپ کی سچائی اور راست روی کے مقابلے میں جھوٹے ملمع ثابت ہوں گے۔ جو طاقتیں آج ان کے کیمپ میں نظر آ رہی ہیں ٹوٹ ٹوٹ کر اسلام کے کیمپ میں آتی چلی جائیں گی۔ حتیٰ کہ ایک وقت وہ آئے گا جب کمیونزم خود ماسکو میں اپنے بچاؤ کے لئے پریشان ہوگا۔ سرمایہ دارانہ ڈیموکریسی خود واشنگٹن اور نیویارک میں اپنے تحفظ کے لئے لرزہ براندام ہوگی۔ مادہ پرستانہ الحاد خود لندن اور برہمنوں اور جرمنوں میں اپنے معتقد نہ پا سکے گی اور یہ آج کا دور صرف تاریخ میں ایک داستان عبرت کی حیثیت سے باقی رہ جائے گا کہ اسلام جیسی عالمگیر و جہاں کشا طاقت کے نام لیوا کبھی اتنے بے وقوف ہو گئے تھے کہ عصائے موسیٰ بغل میں تھا اور لاٹھیوں اور رسیوں کو دیکھ دیکھ کانپ رہے تھے۔

یہ مستقبل تو آپ کا اس صورت میں ہے جب کہ آپ اسلام کے مخلص پیرو اور سچے گواہ ہوں۔ لیکن اس کے برعکس اگر آپ کا رویہ یہی رہا کہ خدا کی بھیجی ہوئی ہدایت پر بار بنے بیٹھے ہیں' نہ خود اس سے مستفید ہوتے ہیں نہ دوسروں کو اس کا فائدہ پہنچنے دیتے ہیں' اپنے آپ کو

tazkeer.org

مسلمان کہہ کر نمائندے تو اسلام کے بنے ہوئے ہیں مگر اپنے مجموعی قول وعمل سے شہادت زیادہ تر جاہلیت' شرک' دنیا پرستی اور اخلاقی بے قیدی کی دے رہے ہیں' خدا کی کتاب طاق پر رکھی ہے اور رہنمائی کے لئے ہر امامِ کفر اور ہر منبع ضلالت کی طرف رجوع کیا جا رہا ہے' دعویٰ خدا کی بندگی کا ہے اور بندگی ہر شیطان اور ہر طاغوت کی کی جا رہی ہے' دوستی اور دشمنی نفس کے لئے ہے اور فریق دونوں صورتوں میں اسلام کو بنایا جا رہا ہے' اور اس طرح اپنی زندگی کو بھی اسلام کی برکتوں سے محروم کر رکھا ہے اور دنیا کو بھی اس کی طرف راغب کرنے کے بجائے الٹا متنفر کر رہے ہیں' تو اس صورت میں نہ آپ کی دنیا ہی درست ہو سکتی ہے اور نہ آخرت۔ اس کا انجام تو سنت اللہ کے مطابق وہی کچھ ہے جو آپ دیکھ رہے ہیں اور بعید نہیں کہ مستقبل اس حال سے بھی بدتر ہو۔ اسلام کا لیبل اتار کر کھلم کھلا کفر اختیار کر لیجئے تو کم از کم آپ کی دنیا تو ویسی ہی بن جائے گی جیسی امریکا' روس اور برطانیہ کی بنی ہوئی ہے۔ لیکن مسلمان ہو کر نامسلمان بنے رہنا اور خدا کے دین کی جھوٹی نمائندگی کر کے دنیا کے لئے بھی ہدایت کا دروازہ بند کر دینا وہ جرم ہے جو آپ کو دنیا میں بھی پنپنے نہ دے گا۔ اس جرم کی سزا جو قرآن میں لکھی ہوئی ہے اور جس کا زندہ ثبوت یہودی قوم آپ کے سامنے موجود ہے' اس کو آپ ٹال نہیں سکتے' خواہ متحدہ قومیت کے ''اہون البلیتین'' کو اختیار کریں یا اپنی الگ قومیت منوا کر وہ سب کچھ حاصل کر لیں جو مسلم قوم پرستی حاصل کرنا چاہتی ہے۔ اس کے ٹلنے کی صورت صرف یہی ہے کہ اس جرم سے باز آ جائیے۔

ہمارا مقصد

اب میں چند الفاظ میں آپ کو بتائے دیتا ہوں کہ ہم کس غرض کے لئے اٹھے ہیں۔ ہم

tazkeer.org

ان سب لوگوں کو' جو اسلام کو اپنا دین مانتے ہیں' یہ دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس دین کو واقعی اپنا دین بنائیں۔ اس کو انفرادی طور پر ہر ہر مسلمان اپنی ذاتی زندگی میں بھی قائم کرے اور اجتماعی طور پر پوری قوم اپنی قومی زندگی میں بھی نافذ کرنے کے لئے تیار ہو جائے۔ ہم ان سے کہتے ہیں کہ آپ اپنے گھروں میں' اپنے خاندان میں' اپنی سوسائٹی میں' اپنی تعلیم گاہوں میں' اپنے ادب اور صحافت میں' اپنے کاروبار اور معاشی معاملات میں' اپنی انجمنوں اور قومی پالیسی میں عملاً اسے قائم کریں اور اپنے قول اور عمل سے دنیا کے سامنے اس کی سچی گواہی دیں۔ ہم اُن سے کہتے ہیں کہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے تمہاری تمام سعی و عمل کا مرکز و محور اسی چیز کو ہونا چاہئے۔ ہر اس بات اور اس کام سے دست کش ہو جاؤ جو اس کی ضد ہو اور جس سے اسلام کی غلط نمائندگی ہوتی ہو۔ اسلام کو سامنے رکھ کر اپنے پورے قولی اور عملی رویہ پر نظر ثانی کرو اور اپنی تمام کوششیں اس راہ میں لگا دو کہ دین پورا کا پورا عملاً قائم ہو جائے اس کی شہادت تمام ممکن طریقوں سے ٹھیک ٹھیک ادا کر دی جائے' اس کی طرف دنیا کو ایسی دعوت دی جائے جو اتمامِ حجت کے لئے کافی ہو۔

ہمارا طریقہ کار

یہی جماعت اسلامی کے قیام کی واحد غرض ہے۔ اس غرض کو پورا کرنے کے لئے جو طریقہ ہم نے اختیار کیا ہے وہ یہ ہے کہ سب سے پہلے ہم مسلمانوں کو ان کا فرض یاد دلاتے ہیں اور انہیں صاف صاف بتاتے ہیں کہ اسلام کیا ہے' اس کے تقاضے کیا ہیں' مسلمان ہونے کے معنی کیا ہیں' اور مسلمان ہونے کے ساتھ کیا ذمہ داریاں آدمی پر عائد ہوتی ہیں۔

اس چیز کو جو لوگ سمجھ لیتے ہیں ان کو پھر ہم یہ بتاتے ہیں کہ اسلام کے سب تقاضے

tazkeer.org

انفرادی طور پر پورے نہیں کیے جاسکتے - اس کے لئے اجتماعی سعی ضروری ہے- دین کا ایک بہت ہی قلیل حصہ انفرادی زندگی سے تعلق رکھتا ہے- اس کو تم نے قائم کر بھی لیا تو نہ پورا دین ہی قائم ہوگا اور نہ اس کی شہادت ہی ادا ہو سکے گی - بلکہ جب اجتماعی زندگی پر نظام کفر مسلط ہو تو خود انفرادی زندگی کے بھی بیشتر حصوں میں دین قائم نہ کیا جاسکے گا اور اجتماعی نظام کی گرفت روز بروز اس انفرادی اسلام کی حدود کو گھٹاتی چلی جائے گی- اس لئے پورے دین کو قائم کرنے اور اس کی صحیح شہادت ادا کرنے کے لئے قطعاً ناگزیر ہے کہ تمام ایسے لوگ جو مسلمان ہونے کی ذمہ داریوں کا شعور اور انہیں ادا کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں' متحد ہو جائیں اور منظم طریقے سے دین کو عملاً قائم کرنے اور دنیا کو اس کی طرف دعوت دینے کی کوشش کریں اور ان مزاحمتوں کو راستہ سے ہٹائیں جو اقامت دین و دعوت دین کی راہ میں حائل ہوں-

نظم جماعت

یہی وجہ ہے کہ دین میں جماعت کو لازم قرار دیا گیا ہے اور اقامت دین اور دعوت دین کی جدوجہد کے لئے ترتیب یہ رکھی گئی ہے کہ پہلے ایک نظمِ جماعت ہو پھر خدا کی راہ میں سعی و جہد کی جائے- اور یہی وجہ ہے کہ جماعت کے بغیر زندگی کو جاہلیت کی زندگی اور جماعت سے علیحدہ ہو کر رہنے کو اسلام سے علیحدگی کا ہم معنی قرار دیا گیا ہے-

اشارہ ہے اس حدیث کی طرف جس میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے:

''میں تم کو پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں جن کا حکم اللہ نے مجھے دیا ہے- جماعت' سمع' طاعت' ہجرت' اور خدا کی راہ میں جہاد- جو شخص جماعت سے بالشت بھر بھی الگ ہوا اس

tazkeer.org

نے اسلام کا حلقہ اپنی گردن سے اتار پھینکا' الا یہ کہ وہ پھر جماعت کی طرف پلٹ آئے اور جس نے جاہلیت (یعنی افتراق وانتشار) کی دعوت دی وہی جہنمی ہے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر چہ وہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے؟ فرمایا ہاں' اگر چہ وہ نماز پڑھے اور روزہ رکھے اور مسلمان ہونے کا دعویٰ کرے۔" اس حدیث سے تین باتیں ثابت ہوتی ہیں:

(۱) کارِ دین کی صحیح ترتیب یہ ہے کہ پہلے جماعت ہو' اور اس کی ایسی تنظیم ہو کہ سب لوگ کسی ایک کی بات سنیں اور اس کی اطاعت کریں' پھر جیسا بھی موقع ہو اس کے لحاظ سے ہجرت اور جہاد کیا جائے۔

(۲) جماعت سے علیحدہ ہو کر رہنا گویا اسلام سے علیحدہ ہونا ہے اور اس کے معنی یہ ہیں کہ انسان اس زندگی کی طرف واپس جا رہا ہے جو اسلام سے قبل زمانہ جاہلیت میں عربوں کی تھی کہ ان میں کوئی کسی کی سننے والا نہ تھا۔

(۳) اسلام کے بیشتر تقاضے اور اس کے اصل مقاصد جماعت اور اجتماعی سعی ہی سے پورے ہو سکتے ہیں۔

اسی لئے حضورؐ نے جماعت سے الگ ہونے والے کو اس کی نماز اور روزے اور مسلمانی کے دعوے کے باوجود اسلام سے نکلنے والا قرار دیا۔ اسی مضمون کی شرح ہے جو حضرت عمرؓ نے اپنے اس ارشاد میں فرمائی ہے کہ لا اسلام الا بجماعۃ (جامع بیان العلم لابن عبد البر)۔

کام کے تین راستے

جو لوگ اس بات کو بھی سمجھ لیتے ہیں اور اس فہم سے ان کے اندر مسلمان ہونے کی ذمہ

tazkeer.org

داری کا احساس اس حد تک قوی ہو جاتا ہے کہ اپنے دین کی خاطر اپنی انفرادیت اور خود پرستی کو قربان کر کے جماعتی نظم کی پابندی قبول کر لیں، ان سے ہم کہتے ہیں کہ اب تمہارے سامنے تین راستے ہیں اور تمہیں پوری آزادی ہے کہ ان میں سے جس کو چاہو اختیار کرو۔ اگر تمہارا دل گواہی دے کہ ہماری دعوت، عقیدہ، نصب العین، نظام جماعت اور طریق کار سب کچھ خالص اسلامی ہے اور ہم وہی کام کرنے اٹھے ہیں جو قرآن وحدیث کی رو سے امت مسلمہ کا اصل کام ہے تو ہمارے ساتھ آجاؤ۔ اگر کسی وجہ سے تمہیں ہم پر اطمینان نہ ہو اور کوئی دوسری جماعت تم کو ایسی نظر آتی ہو جو خالص اسلامی نصب العین کے لئے اسلامی طریق پر کام کر رہی ہو تو اس میں شامل ہو جاؤ۔ ہم خود بھی ایسی جماعت پاتے تو اس میں شامل ہو جاتے کیونکہ ہمیں ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ چننے کا شوق نہیں ہے...... اور اگر تم کو نہ ہم پر اطمینان ہے نہ کسی دوسری جماعت پر تو پھر تمہیں اپنے فرض اسلامی کو ادا کرنے کے لئے خود اٹھنا چاہئے اور اسلامی طریق پر ایک ایسی جماعت بنانی چاہئے جس کا مقصد پورے دین کو قائم کرنا اور قول وعمل سے اس کی شہادت دینا ہو۔ ان تینوں صورتوں میں سے جو صورت بھی تم اختیار کرو گے انشاء اللہ حق پر ہو گے۔ ہم نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا اور نہ بسلامتی ہوش و حواس ہم یہ دعویٰ کر سکتے ہیں کہ صرف ہماری ہی جماعت حق پر ہے اور جو ہماری جماعت میں نہیں ہے وہ باطل پر ہے۔ ہم نے کبھی لوگوں کو اپنی جماعت کی طرف دعوت نہیں دی ہے۔ ہماری دعوت تو صرف اس فرض کی طرف ہے جو مسلمان ہونے کی حیثیت سے ہم پر اور آپ پر یکساں عائد ہوتا ہے۔ اگر آپ اس کو ادا کر رہے ہیں برحق ہیں خواہ ہمارے ساتھ مل کر کام کریں یا نہ کریں۔ البتہ یہ بات کسی طرح درست نہیں ہے کہ آپ نہ خود اٹھیں، نہ کسی اٹھنے والے کا ساتھ دیں، اور طرح طرح کے حیلے اور بہانے کر کے اقامت دین اور شہادت علی الناس کے فریضے سے جی چرائیں، یا ان کاموں میں اپنی قوتیں خرچ کریں جن سے دین کے

tazkeer.org

بجائے کوئی دوسرا نظام قائم ہوتا ہو اور اسلام کے بجائے کسی اور چیز کی گواہی آپ کے قول و عمل سے ملے۔ معاملہ دنیا اور اس کے لوگوں سے ہوتا تو حیلوں اور بہانوں سے کام چل سکتا تھا، مگر یہاں تو اس خدا کے ساتھ معاملہ ہے جو علیم بذات الصدور ہے۔ اسے کسی چال بازی سے دھوکا نہیں دیا جا سکتا۔

مختلف دینی جماعتیں

اس میں شک نہیں کہ ایک ہی مقصد اور ایک ہی کام کے لئے مختلف جماعتیں بننا بظاہر غلط معلوم ہوتا ہے اور اس میں انتشار کا بھی اندیشہ ہے۔ مگر جب نظام اسلامی درہم برہم ہو چکا ہو اور سوال اس نظام کے چلانے کا نہیں بلکہ اس کے از سر نو قائم کرنے کا ہو، تو ممکن نہیں ہے کہ ابتدا ہی میں وہ الجماعۃ وجود میں آ جائے جو تمام امت کو شامل ہو، جس کا التزام ہر مسلمان پر واجب ہو اور جس سے علیحدہ رہنا جاہلیت اور علیحدہ ہونا ارتداد کا ہم معنی ہو۔ آغازِ کار میں اس کے سوا چارہ نہیں کہ جگہ جگہ مختلف جماعتیں اس مقصد کے لئے بنیں اور اپنے اپنے طور پر کام کریں۔ یہ سب جماعتیں بالآخر ایک ہو جائیں گی اگر نفسانیت اور افراط و تفریط سے پاک ہوں اور خلوص کے ساتھ اصل اسلامی مقصد کے لئے اسلامی طریق پر کام کریں۔ حق کی راہ میں چلنے والے زیادہ دیر تک الگ نہیں رہ سکتے۔ حق ان کو جمع کر کے ہی رہتا ہے، کیونکہ حق کی فطرت ہی جمع و تالیف اور وحدت و یگانگت کی متقاضی ہے۔ تفرقہ صرف اس صورت میں رونما ہوتا ہے جب حق کے ساتھ کچھ نہ کچھ باطل کی آمیزش ہو یا اوپر حق کی نمائش ہو اور اندر باطل کام کر رہا ہو۔

tazkeer.org

شرکاء سے ہمارا مطالبہ

اب میں اختصار کے ساتھ یہ بھی عرض کر دوں کہ جو لوگ ہماری جماعت کو پسند کر کے اس میں داخل ہوتے ہیں ان سے ہمارا مطالبہ کیا ہوتا ہے اور ان کے لئے ہمارے پاس کام کیا ہے۔ اپنے ارکان سے ہمارا کوئی مطالبہ اس مطالبے کے سوا نہیں ہے جو اسلام نے ہر مسلمان سے کیا ہے۔ ہم نہ تو اسلام کے اصل مطالبے پر ذرہ برابر کسی چیز کا اضافہ کرتے ہیں اور نہ اس میں سے کوئی چیز گھٹاتے ہیں۔ ہم ہر شخص کے سامنے پورے اسلام کو بے کم و کاست پیش کر دیتے ہیں اور اسے کہتے ہیں کہ اس دین کو جان بوجھ کر شعور کے ساتھ قبول کرو۔ اس کے تقاضوں کو سمجھ کر ٹھیک ٹھیک ادا کرو۔ اپنے خیالات اور اقوال و اعمال میں سے ہر اس چیز کو خارج کر دو جو دین کے احکام اور اس کی روح کے خلاف ہو اور اپنی پوری زندگی سے اسلام کی شہادت دو۔ بس یہی ہمارے ہاں داخلہ کی فیس ہے اور یہی ہمارے قواعد رکنیت ہیں۔ ہمارا دستور، ہمارا نظام جماعت اور وہ چیز جس کی طرف ہم دعوت دیتے ہیں، سب کے سامنے عیاں ہے۔ اس کا جائزہ لے کر ہر شخص دیکھ سکتا ہے کہ ہم نے اصل اسلام میں...... اس اسلام میں جو قرآن اور سنت پر مبنی ہے...... نہ کوئی کمی کی ہے نہ بیشی۔ ہم ہر وقت تیار ہیں کہ ہماری جس چیز کے متعلق بھی کوئی ثابت کر دے گا کہ وہ قرآن و سنت کی تعلیم پر اضافہ ہے اسے ہم اپنے ہاں سے خارج کر دیں گے اور جس چیز کے متعلق بتا دے گا کہ وہ اس تعلیم میں ہے اور ہمارے ہاں نہیں ہے اسے ہم بلا تامل اختیار کر لیں گے۔ کیونکہ ہم تو اٹھے ہی پورے دین کی بے کم و کاست اقامت اور شہادت کے لئے ہیں۔ پھر ہم سے بڑا ظالم اور کون ہوگا اگر ہم اپنے اسی مقصد میں منافق ثابت ہوں۔

tazkeer.org

مطلوب کام

اس طرح جو لوگ ہمارے نظام جماعت میں شامل ہوتے ہیں ان کے لئے ہمارے پاس صرف یہ کام ہے کہ وہ اپنے قول اور عمل سے اسلام کی شہادت دیں اور نظام دین کو مکمل طور پر قائم کرنے کے لئے اجتماعی جدوجہد کریں' تاکہ شہادت علی الناس کا حق پوری طرح ادا ہو سکے- جہاں تک قولی شہادت کا تعلق ہے' ہم اپنے ارکان کو ایسی تربیت دے رہے ہیں جس سے وہ اپنی اپنی صلاحیتوں کے مطابق زبان اور قلم سے اسلام کی زیادہ سے زیادہ معقول شہادت ادا کرنے کے لئے تیار ہوں- نیز ہم ایسے ادارے بھی قائم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو منظم طریقہ سے علم و ادب کے ہر شعبہ میں زندگی کے جملہ مسائل کے متعلق اسلامی تعلیمات کی حقانیت کو دنیا پر واضح کریں اور اس مقصد کے لئے نشر و اشاعت کے تمام ممکن ذرائع سے کام لیں- رہی عملی شہادت تو اس بارے میں ہماری کوشش یہ ہے کہ اول تو ایک ایک شخص اسلام کو زندہ گواہ ہو' پھر ان افراد سے ایک ایسی منظم سوسائٹی نشوونما پائے جس کے اندر اسلام اپنی اصل اسپرٹ میں کام کرتا ہوا دیکھا جا سکتا ہو اور بالآخر یہ سوسائٹی اپنی جدوجہد سے نظام باطل کے غلبہ کو مٹا کر وہ نظام حق قائم کرے جو دنیا میں اسلام کی مکمل نمائندگی کرنے والا ہو-

اعتراضات اور ان کے جوابات

حضرات' بس یہ ہمارا مقصد اور یہ ہے ہمارا پروگرام ہمیں امید نہ تھی کہ یہ چیز بھی ایسی

tazkeer.org

ہوسکتی ہے جس پر کسی مسلمان کو اعتراض ہو۔مگر جس روز سے ہم نے اس راہ میں قدم رکھا ہے اعتراضات کا ایک نہ رکنے والا سیلاب ہے کہ امڈا چلا آرہا ہے۔تمام اعتراضات تو نہ قابل توجہ ہیں اور نہ ایک صحبت میں ان سب سے تعرض ہی کیا جاسکتا ہے، مگراس موقع پر میں صرف ان چند اعتراضات پر کچھ عرض کروں گا جو آپ کے شہر میں غلط فہمیاں پھیلانے کے لئے استعمال کئے جارہے ہیں۔

نیا فرقہ

کہا جاتا ہے کہ تمہاری یہ جماعت اسلام میں ایک نئے فرقہ کی بنیاد ڈال رہی ہے......
یہ بات جو لوگ کہتے ہیں انہیں شاید معلوم نہیں ہے کہ فرقہ بندی کے اصل اسباب کیا ہوتے ہیں۔دین میں جن باتوں کی وجہ سے تفرقہ برپا ہوتا ہے ان سب کا اگر آپ استقرا کریں گے تو وہ صرف چار عنوانات پر تقسیم ہوں گی۔

۱۔ ایک یہ کہ اصل دین پر کسی ایسی چیز کا اضافہ کیا جائے جو دین میں نہ ہو اور اسی کو اختلاف کفر و ایمان یا فرق و ہدایت وضلالت کی بنیاد بنا ڈالا جائے۔

۲۔ دوسرے یہ کہ دین کے کسی خاص مسئلے کو لے کر اس کو وہ اہمیت دی جائے جو کتاب و سنت کی رو سے اس کو حاصل نہیں ہے اور اسی کو گروہ بندی کی بنیاد قرار دے لیا جائے۔

۳۔ تیسرے یہ کہ اجتہادی اور استنباطی مسائل میں غلو کیا جائے اور ان امور میں اپنے مسلک کے سوا دوسرے مسلک والوں کی تفسیق و تضلیل یا تکفیر کی جائے، یا کم از کم ان سے امتیازی معاملہ کیا جائے۔

tazkeer.org

۴- چوتھے یہ کہ نبی کے بعد کسی خاص شخصیت کے معاملہ میں غلو کیا جائے اور اس کے لئے کسی ایسے منصب کا دعویٰ کیا جائے جسے تسلیم کرنے یا نہ کرنے پر آدمی کے مومن یا کافر ہونے کا مدار ہو' یا کوئی جماعت یہ دعویٰ کرے کہ جو اس میں داخل ہے صرف وہی حق پر ہے' باقی سب مسلمان باطل پر ہیں- اب میں پوچھتا ہوں کہ ہم نے ان چاروں عنوانات میں سے کس عنوان کی غلطی کی ہے؟ اگر کوئی صاحب دلیل وثبوت کے ساتھ ہمیں صاف صاف بتادیں گے ہم نے واقعی فلاں عنوان کی غلطی کی ہے تو ہم فی الفور توبہ کریں اور ہمیں اپنی اصلاح کرنے میں ہرگز تامل نہ ہوگا کیونکہ ہم خدا کے دین کو قائم کرنے کے لئے اٹھے ہیں' تفرقہ برپا کرنے نہیں اٹھے ہیں- لیکن اگر ایسی کوئی غلطی ہم نے نہیں کی ہے تو پھر ہمارے کام سے کسی فرقے کی پیدائش کا اندیشہ کیسے کیا جاسکتا ہے-

ہم صرف اصل اسلام اور بے کم وکاست پورے اسلام کو لے کر اٹھے ہیں اور مسلمان کو ہماری دعوت اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ آؤ ہم سب مل کر اس کو عملاً قائم کریں اور دنیا کے سامنے اس کی شہادت دیں-

اجتماع کی بنیاد ہم نے پورے دین کو قرار دیا ہے' نہ کہ اس کے کسی ایک مسئلہ یا چند مسائل کو-

اجتہادی مسائل میں ہمارا مسلک

اجتہادی مسائل میں ہم تمام ان مذاہب ومسائل کو برحق تسلیم کرتے ہیں جن کے لئے قواعد شریعت میں گنجائش ہے- ہر ایک کا یہ حق تسلیم کرتے ہیں کہ ان مذاہب ومسالک میں

tazkeer.org

سے جس کا جس پر اطمینان ہو وہ اپنی حد تک اس پر عمل کرے۔ کسی خاص اجتہادی مسلک کی بنیاد پر گروہ بندی کو ہم جائز نہیں رکھتے۔

غلو سے پرہیز

اپنی جماعت کے بارے میں بھی ہم نے کوئی غلو نہیں کیا ہے۔ ہم نے کبھی یہ نہیں کہا کہ حق صرف ہماری جماعت میں دائر و منحصر ہے۔ ہم کو اپنے فرض کا احساس ہوا اور ہم اٹھ کھڑے ہوئے۔ آپ کو آپ کا فرض یاد دلا رہے ہیں۔ اب یہ آپ کی خوشی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ کھڑے ہوں، یا خود اٹھیں اور اپنا فرض ادا کریں، یا جو بھی آپ کو یہ فرض ادا کرتا نظر آئے اس کے ساتھ مل جائیں۔

امارت میں غلو

امارت کے باب میں بھی ہم کسی غلو کے مرتکب نہیں ہوئے ہیں۔ ہماری یہ تحریک کسی شخصیت کے بل پر نہیں اٹھی ہے جس کے لئے کسی خاص منصب کا دعویٰ کیا گیا ہو، جس کی کرامتوں اور الہامات اور تقدس کی داستانوں کا اشتہار دیا جاتا ہو، جس کی ذاتی عقیدت پر جماعت کی بنیاد رکھی گئی ہو اور جس کی طرف لوگوں کو دعوت دی جاتی ہو۔ دعووٴں اور خوابوں اور کشوف و کرامات اور شخصی تقدس کے تذکروں سے ہماری تحریک بالکل پاک ہے۔

tazkeer.org

اصولی تحریک

یہاں دعوت کسی شخص یا اشخاص کی طرف نہیں ہے بلکہ اس مقصد کی طرف ہے جو قرآن کی رو سے ہر مسلمان کا مقصد زندگی ہے اور ان اصولوں کی طرف ہے جن کے مجموعے کا نام اسلام ہے۔ جو لوگ بھی اس مقصد کے لئے ان اصولوں پر ہمارے ساتھ مل کر کام کرنا چاہیں وہ مساوی حیثیت سے ہماری جماعت کے رکن بنتے ہیں۔

انتخاب امیر

یہ ارکان ایک شخص کو اپنا امیر منتخب کرتے ہیں، نہ اس بنا پر کہ امارت اس کا کوئی ذاتی حق ہے بلکہ اس بنا پر کہ بہرحال منظم طریقہ پر کام کرنے کے لئے ایک سربراہ کار ہونا ہی چاہئے۔ یہ منتخب کردہ امیر معزول کیا جاسکتا ہے اور جماعت میں سے کوئی دوسرا شخص اس کی جگہ امارت کے لئے چنا جاسکتا ہے۔ یہ امیر صرف اسی جماعت کا امیر ہے نہ کہ تمام امت کا۔ اس کی اطاعت صرف انہی لوگوں پر لازم ہے جو اس جماعت میں شامل ہوں اور ہمارے ذہنوں میں ایسا کوئی تصور تک نہیں ہے کہ ''جس کی گردن میں اس کی بیعت کا قلادہ نہ ہو وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔''

اب خدارا مجھے بتایئے کہ جب ہم اس طریقہ پر کام کر رہے ہیں تو آخر ہماری اس تحریک سے امت میں ایک نیا فرقہ کیسے بن جائے گا؟ عجیب تر بات یہ ہے کہ جن لوگوں کے دامن خود ان غلطیوں سے آلودہ ہیں جن کی وجہ سے فرقہ بندی کا فتنہ رونما ہوتا ہے، جن کے

tazkeer.org

ہاں خوابوں اور کشفوں اور کرامتوں کے چرچے ہیں' جن کے ہاں سارا کام کسی ''حضرت'' کی شخصی عقیدت کے بل پر چل رہا ہے' جن کے ہاں کسی شخصیت کے لئے کسی مخصوص منصب کا دعویٰ کیا جاتا ہے' جن کے ہاں فروعی مسائل پر جھگڑے اور مناظرے ہوتے ہیں اور اجتہادی مسالک پر دھڑے بندیاں ہوتی ہیں' وہی ہم کو الزام دینے میں پیش پیش ہیں۔ اگر کوئی برا نہ مانے تو میں صاف کہوں کہ ہمارا اصل قصور جس پر یہ حضرات بگڑے ہوئے ہیں وہ نہیں ہے جو یہ زبانوں سے کہتے ہیں بلکہ یہ ہے کہ ہم نے دین کے اس اصلی کام کی طرف دعوت دی جو ان کے نفس کو مرغوب نہیں ہے اور اس کام کے لئے وہ صحیح طریقہ اختیار کیا جس سے ان کے طریقوں کی غلطیاں بے نقاب ہونے لگیں۔

علیحدہ جماعت بنانے کی ضرورت

ہم سے کہا جاتا ہے کہ اگر تمہیں یہی کام کرنا تھا تو ضرور کرتے مگر تم نے ایک الگ جماعت مستقل نام کے ساتھ کیوں بنائی۔ اس سے تو امت میں انتشار پیدا ہوتا ہے۔ فی الواقع یہ ایک عجیب اعتراض ہے۔ میں حیران ہوں کہ جب لادینی یا خلافِ دین سیاست کے لیے غیر اسلامی تعلیم کے لیے' مذہبی دھڑے بندیوں کے لیے اور خالص دینوی' اغراض کے لیے مغرب کے جمہوری یا فاشستی طریقوں پر مسلمانوں کی انجمنیں اور جماعتیں مستقل ناموں کی ساتھ بنتی ہیں تو انہیں ٹھنڈے دل سے برداشت کیا جاتا ہے۔ لیکن اگر دین کے اصل کام کے لیے خالص دینی اصولوں پر کوئی جماعت بنتی ہے تو یکا یک امت میں انتشار کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے اور صرف یہی ایک جماعت سازی قابلِ برداشت نہیں ہوتی۔ اس سے تو شبہ ہوتا ہے کہ معترضین کو اصل میں چڑ جماعت سازی سے نہیں بلکہ اس بات سے ہے کہ

tazkeer.org

کوئی جماعت دین کے اصل کام کے لیے بنے۔ تاہم میں ان سے عرض کروں گا کہ جماعت سازی کا یہ قصور ہم نے مجبوراً کیا ہے نہ کہ شوقیہ۔ سب کو معلوم ہے کہ اس جماعت کی تشکیل سے پہلے میں برسوں اکیلا پکارتا رہا ہوں کہ مسلمانو! یہ تم کن راہوں میں اپنی قوتیں اور کوششیں صرف کر رہے ہو، تمہارے کرنے کا اصل کام تو یہ ہے، اس پر اپنی تمام مساعی مرکوز کرو۔ یہ دعوت اگر سب مسلمان قبول کر لیتے تو کہنا ہی کیا تھا، مسلمانوں میں ایک جماعت بننے کے بجائے مسلمانوں کی ایک جماعت بنتی اور کم از کم ہندوستان کی حد تک وہ ''الجماعت'' ہوتی جس کی موجودگی میں کوئی دوسری جماعت بنانا شرعاً حرام ہوتا۔ یہ بھی نہیں تو مسلمانوں کی مختلف جماعتوں میں سے کوئی ایک ہی اسے مان لیتی تب بھی ہم راضی تھے، اسی میں بخوشی شامل ہو جاتے۔ مگر جب پکار پکار کر ہم تھک گئے اور کسی نے سن کر نہ دیا تب ہم نے مجبوراً یہ فیصلہ کیا کہ وہ سب لوگ جو اس کام کو حق اور فرض سمجھ چکے ہیں خود ہی مجتمع ہوں اور اس کے لیے اجتماعی سعی کریں۔ سوال یہ ہے کہ اگر یہ نہیں تو ہمیں اور کیا کرنا چاہیے تھا؟ تم کو اگر اس کام کے فرض ہونے سے انکار ہے تو دلیل انکار ارشاد ہو۔ اگر انکار نہیں تو بتاؤ کیا واقعی تمہاری یہ مختلف انجمنیں اور جماعتیں یہی فرض انجام دے رہی ہیں؟ اگر یہ بھی نہیں تو کیا اب تمہارے ہاں نوبت یہ آ گئی کہ جو فرض کو پہچانے اور اسے ادا کرنے کے لیے اٹھے وہی الٹا قصوروار قرار پائے؟

امیر یا لیڈر

ہم سے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ تم نے اپنی جماعت کے لیڈر کے لیے ''امیر'' کا لفظ کیوں اختیار کیا؟ امیر یا امام تو صرف بااختیار اور صاحبِ سیف ہی ہو سکتا ہے۔ اس کی تائید میں کچھ

tazkeer.org

حدیثیں بھی پیش کی جاتی ہیں جن سے استدلال کیا جاتا ہے کہ امامت یا تو امامتِ علم ہے' یا امامتِ نماز' یا امامتِ قتال و جہاد۔ اس کے سوا کوئی تیسری قسم امامت کی نہیں ہے۔ یہ اعتراض جو حضرات کرتے ہیں وہ صرف اُس وقت کی فقہ اور اسی وقت کی احادیث سے واقف ہیں جب اسلامی نظام سیاسی اقتدار کی منزل پر پہنچ چکا تھا اور صاحبِ سیف امامت قائم ہو گئی تھی۔ مگر ان کو یہ معلوم نہیں ہے کہ جب سیف چھن جائے' مسلمانوں کی جماعت اختیار و اقتدار سے محروم ہو جائے اور اسلامی نظام جماعت بھی درہم برہم ہو جائے تو اس وقت کے لیے کیا احکام ہیں۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ایسی حالت میں کیا مسلمانوں کو یہی کرنا چاہئے کہ فرد فرد الگ ہو جائے اور بیٹھ کر بس دعا کرتا رہے کہ خدایا کوئی صاحبِ سیف امام بھیج دے؟ یا ایسی امامت قائم کرنے کے لیے کوئی اجتماعی سعی بھی ہونی چاہئے تو براہِ کرم وہ ہمیں بتائیں کہ جماعت بنائے بغیر چارہ نہیں ہے تو کیا کوئی جماعت کسی رہنما' کسی سربراہ کار' کسی صاحبِ امر کے بغیر بھی چل سکتی ہے؟ اگر وہ اس کی ضرورت بھی تسلیم کرتے ہیں تو وہ خود ہی ہم کو بتائیں کہ اس اسلامی مقصد کے لیے جو اسلامی جماعت بنائی جائے' اس کے سربراہ کار کے لیے اسلام میں کیا اصطلاح مقرر ہے؟ جو اصطلاح بھی وہ ارشاد فرمائیں گے' ہم اسی کو قبول کر لیں گے' بشرطیکہ وہ ہو اسلامی اصطلاح یا پھر وہ صاف صاف یہی کہہ دیں کہ اسلام میں حاصل ہونے کے بعد کے لئے تو ہدایات' موجود ہیں لیکن "بے سیفی" کی حالت میں سیف کس طرح حاصل کی جائے' اس باب میں اس نے کوئی ہدایت نہیں دی ہے اور یہ کام جس کو کرنا ہو اسے غیر اسلامی طریقوں پر غیر اسلامی اصطلاحوں سے کرنا چاہئے۔ اگر ان حضرات کا یہ منشا نہیں تو ہمارے لئے یہ معمہ ناقابل حل ہے کہ صدر' لیڈر اور قائد وغیرہ اصطلاحیں استعمال کی جائیں تو وہ سب انہیں گوارا ہیں' مگر امیر کی اسلامی اصطلاح سنتے ہی یہ کیوں چراغ پا ہو جاتے ہیں۔

tazkeer.org

عام طور پر لوگوں کو اس مسئلہ کے سمجھنے میں جو دقت پیش آتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں جب امیر یا امام کی اصطلاح استعمال کی گئی تھی اس وقت اسلامی حکومت قائم ہو چکی تھی اور جس زمانہ میں اسلامی حکومت قائم نہ ہوئی تھی اس وقت حضور ﷺ خود نبی کی حیثیت سے اقامت دین کی جدوجہد کی قیادت فرما رہے تھے۔ اس لئے امارت یا امامت کی اصطلاحیں استعمال کرنے کا کوئی موقع نہ تھا۔

اسلام کا مزاج

لیکن اسلام کے پورے نظام پر نگاہ ڈالنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ دین مسلمانوں کے ہر اجتماعی کام میں نظم چاہتا ہے اور اس نظم کی صحیح صورت یہ تجویز کرتا ہے کہ کام جماعت بن کر کیا جائے، جماعت میں سمع و طاعت ہو اور ایک شخص اس کا امیر ہو۔ نماز پڑھی جائے تو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے اور ایک اس کا امام ہونا چاہئے۔ حج کیا جائے تو منظم طریق پر کیا جائے اور ایک اس کا امیر حج ہونا چاہئے۔ حتیٰ کہ تین آدمی اگر سفر کو نکلیں تب بھی ان کو منظم طریقے سے سفر کرنا چاہئے...... اور اپنے ایک ساتھی کو امیر بنا لینا چاہئے۔

اذا خرج ثلاثة فی سفر فلیومرو اعلیهم احدهم۔ بلکہ مسند احمد میں جو روایت حضرت عبداللہ ابن عمر سے نقل ہوئی ہے اس میں تو یہ لفظ ہیں کہ لایحل لثلاة یکونو

(حلال نہیں ہے یہ بات کہ تین آدمی کسی جنگل میں ہوں اور وہ اپنے اوپر اپنے میں سے ایک کو امیر نہ بنالیں) اس سے معلوم ہوا کہ صرف سفر ہی میں نہیں بلکہ ہر حالت میں

tazkeer.org

مسلمانوں کو منظم زندگی بسر کرنی چاہئے اوران کا کوئی اجتماعی کام بھی جماعت اور عمارت کے بغیر نہیں ہونا چاہئے۔ (ابوداؤد)

اسلام شریعت کی یہی وہ روح ہے جس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ان الفاظ میں بیان کیا ہے کہ جماعت کے بغیر اسلام نہیں اور امارت کے بغیر جماعت نہیں اور اطاعت کے بغیر امارت نہیں۔ پس ہمارا استنباط یہ ہے کہ اقامت دین اور شہادت علی الناس کی سعی کے لئے جو جماعت بنائی جائے اس کے سربراہ کار کے لئے امیر یا امام کے لفظ کا استعمال بالکل صحیح ہے۔ مگر چونکہ لفظ امام کے ساتھ بعض خاص معانی لگ گئے ہیں اس لئے ہم نے فتنے سے بچنے کی خاطر اس لفظ کو چھوڑ کر امیر کا لفظ استعمال کیا ہے۔

tazkeer.org

وصولیٔ زکوٰۃ کا حق

ایک نرالا اعتراض یہاں یہ بھی سننے میں آیا کہ جو شخص اس طرح جماعت کا سربراہ کار چنا جائے اس کو زکوٰۃ وصول کرنے کا کوئی حق نہیں ہے' کیونکہ زکوٰۃ صرف اسلامی حکومت کا امیر ہی وصول کر سکتا ہے...... غالباً ان معترضین کو تحصیل زکوٰۃ کے مقابلے میں ہمارا طریقہ کار معلوم نہیں ہے۔ ہم نے عام مسلمان سے کبھی یہ مطالبہ نہیں کیا کہ وہ اپنی زکوٰۃ ہمارے بیت المال میں داخل کریں' اور نہ ہم نے کبھی یہ کہا ہے کہ جو مسلمان زکوٰۃ ہمارے حوالہ نہ کرے گا اس کی زکوٰۃ ادا نہیں ہوگی۔ ہم صرف اپنی جماعت کے ارکان سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی زکوٰۃ جماعت کے بیت المال میں داخل کیا کریں اور اس سے ہمارا بڑا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو شریعت کی منشا کے مطابق اجتماعی طور پر زکوٰۃ جمع اور صرف کرنے کی عادت ہو

tazkeer.org

برائے کرم کوئی ہمیں بتائے کہ اگر ہم ایسا کرتے ہیں تو اس میں کیا شرعی قباحت ہے اور یہ کس حکم شرعی کے خلاف ہے؟ اگر ہمیں لوگوں سے یہ کہنے کا حق ہے کہ نماز گھروں میں الگ الگ نہ پڑھو بلکہ جماعت کے ساتھ پڑھو تو آخر یہ کہنے کا کیوں نہیں ہے کہ زکوٰۃ انفرادی طور پر ادا کرنے کے بجائے اجتماعی طور پر ادا کرو؟ پھر یہ کتنی عجیب بات ہے کہ اگر چندہ لیا جائے تو جائز، داخلے کی فیس اور رکنیت کی فیس لگائی جائے تو درست، مگر خدا و رسول کے عائد کیے ہوئے فرض کو ادا کرنے کی دعوتی دی جائے تو نا جائز!

بیت المال

اس سے بھی زیادہ ایک نرالا اعتراض یہ آیا کہ "تم نے بیت المال کیوں بنایا؟" اس قسم کے اعتراضات سن کر معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں کو شاید اسلام کی اصطلاحات ہی سے کچھ بغض ہوگیا ہے۔ ظاہر بات ہے کہ ہر جماعت اور ہر انجمن اپنا ایک خزانہ ضرور رکھتی ہے تاکہ اجتماعی کاموں میں مال صرف کر سکے۔ ہماری جماعت کا بھی ایک خزانہ ہے اور اس کو ہم بیت المال کہتے ہیں، کیونکہ یہی اسلامی اصطلاح ہے۔ اگر ہم اس کا نام خزانہ رکھتے تو ان کو کوئی اعتراض نہ تھا۔ اگر اس کو ہم (Treasury) کہتے تب بھی یہ خوش ہوتے۔ مگر جب ہم نے اس کے لئے ایک اسلامی اصطلاح استعمال کی تو اس کو یہ برداشت نہ کر سکے۔

ان اعتراضات میں سے اکثر اتنے مہمل تھے کہ میں ان کا ذکر کر کے اور ان کا جواب دے کر حاضرین کا وقت ضائع کرنا کبھی پسند نہ کرتا۔ مگر میں نے یہ چند چیزیں نمونے کے طور پر صرف اس لئے پیش کی ہیں کہ جو لوگ نہ خود اپنا فرض ادا کرنا چاہتے ہیں، نہ کسی دوسرے کو ادا کرنے دینا چاہتے ہیں وہ کس قسم کے حیلے بہانے اور اعتراضات و شبہات ڈھونڈ کر نکالتے

tazkeer.org

ہیں اور کس طرح خدا کے راستے سے خود رکتے ہیں اور دوسرے کو روکنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہمارا طریقہ جھگڑے اور مناظرے کرنے کا نہیں ہے اگر کوئی شخص ہماری بات کو سیدھی طرح سمجھنا چاہے تو ہم ہر وقت اس کو سمجھانے کے لئے حاضر ہیں۔ اور اگر کوئی ہماری غلطی ہی کو معقول طریقے سے سمجھنا چاہے تو ہم سمجھنے کے لئے بھی تیار ہیں۔ لیکن اگر کسی کے پیش نظر محض الجھنا اور الجھانا ہی ہو تو اس سے ہم کوئی تعرض کرنا پسند نہیں کرتے۔ اس کو اختیار ہے کہ جب تک چاہے اپنا یہ شغل جاری رکھے۔

☆☆☆

tazkeer.org